تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 19, 2025

پریس ریلیز

موٹ کورٹ مقابلہ 'چیک میٹ دو ہزار پچیس' میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ٹیم نے دوسرا سب سے بہترین میموریل ایوارڈ حاصل کیا

آرمی انسٹی ٹیوٹ، موہالی کے زیر اہتمام موقر قومی موٹ کورٹ مقابلہ 'چیک میٹ دو ہزار پچیس' کے چودھویں ایڈیشن میں فیکلٹی آف لا کی جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ٹیم نے دوسرا سب سے بہترین میموریل انعام حاصل کیا۔ پنجاب اور ہریانہ کے ہائی کورٹ کے وکلا دیپا سنگھ اور گوتم دت کی موجودگی میں اوم گپتا، میتری مشرا اور تنوی پر مشتمل ٹیم نے پنجاب اور ہریانہ کورٹ کے جج عزت مآب جناب آر۔ کے۔ گرگ کے دست مبارک سے ٹرافی کے ساتھ نو ہزار کا چیک حاصل کیا۔

مورخہ چودہ اور پندرہ فروری دو ہزار پچیس کو منعقدہ دو روزہ موٹ کورٹ مقابلے میں پورے ملک سے ٹیموں نے شرکت کی تھی جن میں صرف سرفہرست سولہ ٹیموں نے میموریل جائزہ مرحلے کے بعد تقریری راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کیا تھا۔ موٹ پرابلم میں قانون فوجداری اور ٹکنالوجی کا باہمی رشتہ زیر بحث تھا جسے نئے تشکیل شدہ قوانین بھارتیہ نیایہ سنہتا دو ہزار تئیس، بھارتیہ ناگرک سورکشا سنہتا دو ہزار تئیس اور بھارتیہ ساکشیہ ادھینیم دو ہزار تئیس سے لیا گیا تھا۔

فیکلٹی آف لا کے ڈین پروفیسر غلام یزدانی نے جامعہ کی ٹیم کو مبارک باد دی اور کہا 'یہ نمایاں حصولیابی خاص طور سے سال اول کے طلبہ کے طور پر ان کی سخت محنت، ذمہ داری کے تئیں ان کے وقف ہونے اور قانونی بصیرت وذکاوت کا ثبوت ہے۔ میں، ٹیم کو دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور مستقبل میں موٹ سے متعلق معاملات میں ان کی مسلسل کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی